حیات میں اس شعبہ سے منسلک اہل شخص کو ہی یہ ذمیداری سونپی جائے۔ یہ ذمہ دار لوگ معاشرے میں اسی تعلیمی عمل سے پیدا ہوتے ہیں، لہٰذا جب ایک آدمی کسی ایک شعبے میں بنیادی تعلیم حاصل کرلیتا ہے تو معاشرے کی ضرورت کی تکمیل کے لیے اس مذکورہ شخص سے باعوض خدمات کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔اس مطالبہ خدمات اور اس مطالبے پر صحیح معنوں میں عمل کا نام دراصل ملازمت ہے۔ اچھا تعلیمی نظام نہ صرف معاشرے کی فطری ضروریات کی تکمیل کرتا ہے بلکہ معاشرے کے افراد میں شعور پیدا کرکے ایک حقیقی انسانی معاشرہ تشکیل دیتا ہے۔ تعلیم کے شعبے میں حکومت کی جانب سے ایسے اقدامات ہونے چاہئے کہ سب بچے تعلیم حاصل کریں، علم کی روشنی پھیلے، جہالت کے اندھیرے دور ہوں، ملک ترقی کرے۔

سندھ جو اپنے روشن ماضی کی مثالیں پیش کرتا ہے اس کے مستقبل کو روشن کرنے کے لئے ابھی مزید محنت کرنے کی ضرورت ہے، لیکن اس کے لئے معاشرے کے ہر شخص کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا لازم ہے، بالخصوص والدین کو کہ وہ اپنے بچوں کو لازم اسکول میں داخل کروائیں۔ اساتذہ اپنا فرض سمجھ کر طلباء کو تعلیم دیں اور تمام برادریاں اس عمل میں معاونت کریں۔ شرح خواندگی میں اضافہ ہوگا تو ملک ترقی کرے گا اور تبدیلی آئے گی، وہ تبدیلی جو تعلیم یافتہ مستقبل لاسکتی ہے۔ تنقید برائے تنقید یا بحث برائے بحث کا رویہ نہ ہو تو حقیقت یہ ہے کہ جہاں اساتذہ ڈیوٹی دینے پر تیار نہ ہوں اور والدین اپنے بچوں کو پڑھانے پر آمادہ، ان علاقوں میں فروغ تعلیم کے لئے کوشاں این جی اوز کے ساتھ مل کر یہ تجربہ کرنے میں کوئی حرج نہیں اور اشتراک عمل کی مختلف کوششیں کامیاب بھی رہی ہیں، جس کی اعلیٰ مثال کراچی کے این جے وی ہائی اسکول اور خاتونِ پاکستان گورنمنٹ گرلز اسکول ہیں۔ نارائن جگناتھ ویدیا (این جے وی) ہائی اسکول سندھ کا سب سے قدیم سرکاری تعلیمی ادارہ ہے، جو 1855ء میں قائم کیا گیا تھا۔ کافی عرصہ نظرانداز رہنے والے اس اسکول کی تاریخی حیثیت بحال کرنے اور تعلیمی سرگرمیوں کی بہتری کے لئے سن 2015ء میں حکومت سندھ نے اخوت فاؤنڈیشن کے ساتھ پبلک پرائیوٹ پارٹنر شپ کے تحت باہمی اشتراک کا معاہدہ کیا۔ آج اس اسکول کی حالت یکسر تبدیل ہوگئی ہے اور این جے وی ہائی اسکول طلباء و طالبات کو شہر کے کئی پرائیویٹ اسکولوں سے بہتر تعلیمی ماحول فراہم کررہا ہے۔ اسی طرح خاتونِ پاکستان گورنمنٹ گرلز اسکول کو سن 2015ء میں زندگی ٹرسٹ کے حوالے کیا گیا تھا، جس کے بعد نہ صرف اسکول کی عمارت میں بہتری آئی بلکہ سندھ حکومت اور زندگی ٹرسٹ کے باہمی اشتراک کی کامیابی کے بعد اب اسکول میں اعلیٰ تعلیم کا فروغ جاری ہے۔

اس طرح کے دیگر تجربے بھی کامیاب رہے ہیں لہٰذا جہاں باہمی اشتراک سے بہتری لائی جاسکتی ہو وہاں فوراً یہ کام کرلینا چاہئے۔ سندھ کی صوبائی حکومت فروغ تعلیم کے حوالے سے سنجیدہ اقدامات اُٹھا رہی ہے۔ طالبات کے لئے وظائف کی اسکیم پر بھی غور کیا جارہا ہے اور اس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ یونیسکو جو اقوام متحدہ کا ادارہ ہے، نے اپنے ادارہ شماریات کے اعداد و شمار جاری کئے تھے، جن میں بتایا گیا تھا کہ پاکستان میں 2010ء سے 2015ء تک ناخواندہ لڑکیوں کی تعداد میں دس لاکھ کا اضافہ ریکارڈ ہوا ہے، شرح تعلیم کے اعتبار سے پاکستان دنیا کا 113 واں، جنوبی ایشیاء کا 27 واں اور سارک ممالک میں چھٹا ملک ہے۔ یہ صورتحال تشویش ناک نظر آتی ہے، لیکن ساتھ ہی سندھ میں فروغ تعلیم کے حکومتی اقدامات کو دیکھیں تو امید کی کرن نظر آتی ہے کہ یکسوئی کے ساتھ اقدامات جاری ہیں جن کے جلد یا بدیر احسن نتائج یقیناً سامنے آئیں گے اور یہی حقیقی کامیابی کا دن ہوگا۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ فروغ تعلیم کے حوالے سے جو ویژن رکھتے ہیں اس کی تکمیل صوبے کے روشن مستقبل کے لئے ضروری ہے۔ سندھ حکومت وقتاً فوقتاً اپنی پالیسیوں اور اقدامات کا جائزہ لیتی رہی ہے، اس لئے جب یہ اعداد و شمار سامنے آئے کہ بچوں کو اسکول نہ بھیجنے کے حوالے سے درجہ بندی میں پاکستان کا نمبر دوسرا بیان کیا جاتا ہے اور یہ بھی کہ تعلیمی ماحول سازگار نہیں ہے تو صوبائی حکومت نے اسکولوں میں داخلے کے حوالے سے خصوصی مہم شروع کی اور زبانی جمع خرچ

کے بجائے سرکاری و تعلیمی افسران کو اہداف دیئے جس کے مثبت نتائج برآمد ہوئے ہیں۔

ماضی میں ایسی مہمات کا رواج نہ تھا اس لئے بچوں کا تعلیمی مستقبل داؤ پر لگ جاتا تھا، لیکن اب کسی حد تک بہتری آنا شروع ہوگئی ہے اور امید ہے کہ آگے مزید بہتری آئے گی۔ ظاہر ہے کہ جو بچے اور بچیاں تعلیم حاصل کریں گے ان کی آئندہ نسلیں بھی علم کی روشنی سے بہرہ مند ہوسکیں گی۔ ماضی میں ایک تجویز پیش کی گئی تھی کہ جس خاندان کے تمام بچے زیرِ تعلیم ہوں اس گھرانے کے سربراہ کو حکومت لازمی ملازمت دے، لیکن بائیس کروڑ کی آبادی والے ملک میں چاہے نجی شعبہ ہو یا سرکاری ادارے تمام افراد کو ملازمت کی فراہمی ممکن نہیں ہوسکتی، لیکن سندھ کی حکومت نے اپنے صوبہ میں طالبات کے لئے پچیس سو سے پینتیس سو تک وظیفے کا اجراء کرکے ایک اچھی روایت قائم کی تھی اور ان طالبات کو ملنے والی رقم دیہات کی حد تک ایک اچھی حوصلہ افزائی اور شہروں میں تعلیمی اخراجات کا بدل بنی تھی۔ یہ اقدام صوبے میں شرح تعلیم اور معیارِ تعلیم کو اطمینان بخش حد تک بڑھانے میں معاون ثابت ہوا تھا۔ تاہم والدین کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے بچوں کو اسکولوں میں داخل کرائیں جہاں تعلیم، درسی کتب اور دیگر سہولتیں تو مفت ہیں ہی اور آئندہ کی حکمت عملی کے تحت بچیوں کو ماہانہ وظائف بھی دیئے جانے پر غور ہو رہا ہے، جس کی رقم یقیناً گذشتہ وقت سے زیادہ رکھی جائے گی۔ سندھ حکومت تعلیمی فوائد سے بخوبی واقف ہے اور تعلیم کے حصول کو آسان بنانے کے لئے ہر وہ قدم اُٹھا رہی ہے جو اس کے دائرہ اختیار میں ہے۔ امریکی حکومت کے تعاون سے سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام کے تحت بنائے جانے والے اسکولوں سے ہزاروں بچے اور بچیوں کے مستقبل روشن ہو رہے ہیں اور یہ بچے مستقبل میں ملک و قوم کی ترقی میں اپنا اپنا کردار ادا کریں گے۔ مختلف پروگراموں کے تحت امریکہ اور پاکستان کا ساٹھ سالوں سے زائد کے عرصے پر محیط ایسے رشتے کو قائم کرنے کے لئے مل کر کام کیا جا رہا ہے، جس سے عوام کو فائدہ پہنچے۔ اس تعاون نے تبدیلی کے نظریات اور اداروں کو جنم دیا ہے جو اب بھی پاکستان کے لئے اہم کامیابی تصور کئے جاتے ہیں۔ 1947ء میں ریاست ہائے متحدہ ایک آزاد پاکستان کو تسلیم کرنے اور کلیدی اداروں کے قیام کے لئے خاطر خواہ مدد فراہم کرنے والے پہلے ممالک میں شامل تھا۔ امریکی تعاون سے پاکستان بہت سارے قابل ذکر ترقیاتی منصوبوں، جیسے انسٹیٹیوٹ برائے بزنس ایڈمنسٹریشن، جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر، انڈس بیسن پروجیکٹ، فیصل آباد زرعی انسٹیٹیوٹ اور متعدد دیگر منصوبے متعارف کروانے میں کامیاب رہا ہے، جس سے پاکستان کے سبز انقلاب کی راہ ہموار ہوئی۔ ساٹھ اور ستر کی دہائی میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ منگلا اور تربیلا ڈیموں کی تعمیر کے لئے ایک بڑا ڈونر بن کر سامنے آیا تھا، جس کی تکمیل سے اُس وقت ملک کی مجموعی توانائی کی پیداوار میں ستر فیصد اضافہ ہوا تھا۔ پھر اسّی کی دہائی اور نوّے کی دہائی کے اوائل میں امریکہ نے سندھ میں گڈو پاور اسٹیشن اور لاہور یونیورسٹی برائے مینجمنٹ سائنسز کی تعمیر میں مدد کی، جو اب ملک کے اعلیٰ کاروباری اسکولوں میں شمار ہوتا ہے۔ توانائی، معاشی نمو، استحکام، تعلیم اور صحت کے علاوہ جب قدرتی یا دیگر آفات سے پاکستان کو خطرہ ہوتا ہے تو امریکہ اس پر فوری ردِ عمل کا اظہار کرتا ہے۔ گذشتہ ایک دہائی میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ نے یو ایس ایڈ کے ذریعے پاکستان کو تقریباً 7.7 بلین ڈالر کے فنڈز جاری کئے ہیں، جو دونوں ممالک کے درمیان طویل المدتی شراکت داری اور عزم کا مظہر ہے۔ سندھ بیسک ایجوکیشن پروگرام بھی انہی تعلقات کی ایک کڑی ہے، جو صوبے میں شرح خواندگی بڑھانے میں سود مند ثابت ہو رہا ہے۔ یو ایس ایڈ اور سندھ حکومت نے اس منصوبے کے تحت شعبہ تعلیم میں خاطر خواہ کامیابیاں سمیٹی ہیں اب اس پروگرام کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کی ضرورت ہے اور مستقبل کے لئے منصوبہ بندی کرتے ہوئے ایسے علاقوں میں اسکول قائم کرنے کی ضرورت ہے جہاں آئندہ دس سالوں میں آبادی بڑھنے کا خدشہ ہے تاکہ سندھ کا کوئی بچہ بھی اسکول جانے سے رہ نہ جائے اور ہر بچہ تعلیم حاصل کرکے ملک و قوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے اور یوں ہمارا ملک بھی تعلیم یافتہ و ترقی یافتہ ملکوں کی فہرست میں شامل ہوسکے۔ ■

# پیپلز بس سروس میں آر ٹی ایس سسٹم لگانے کا منصوبہ

آغا مسعود

اس وقت پاکستان میں بائیس کروڑ میں سے دس کروڑ آبادی ایسے فون استعمال کر رہی ہے جو انٹرنیٹ سے جڑے ہوئے ہیں ان میں سے تقریباً نصف کے قریب سوشل میڈیا کے مختلف پلیٹ فارمز سے واقف ہیں یا استفادہ کر رہے ہیں جن میں زیادہ تر نوجوان ہیں۔ کوویڈ سے پہلے ڈیجیٹل رابطہ شوق یا تعیش کے دائرے میں سمجھی جاتی تھی مگر اب یہ ایک بنیادی ضرورت بن گئی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اس دنیا میں کوئی بھی چیز مستقل نہیں ہوتی انسان پتھر کے دور سے ترقی کے منازل طے کرتے کرتے آج چاند پر پہنچ گیا ہے۔ اقوام کے درمیان جنگیں روایتی ہتھیاروں سے نکل کے جدید ٹیکنالوجی میں تبدیل ہوگئی ہیں۔ آج سے سو سال پہلے اگر کسی کو موبائل فون کے بارے میں بتایا جاتا تو وہ یقین کرنے کو تیار نہیں ہوتا یقیناوہ کہتا کہ یہ جادو گر ہے یا کہتا کہ کہانی کروا رہا ہے۔ لیکن آج کی اس جدید دنیا میں انسان بیٹھے بیٹھے دنیا کے کسی بھی حصہ میں نہ صرف بات کر سکتا ہے بلکہ ویڈیو ٹاک بھی کر سکتا ہے۔ دنیا کے کسی خطے میں کوئی واقعہ ہوتا ہے تو منٹوں میں خبر ساری دنیا بھر میں پہنچ جاتی ہے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ جب نئی ٹیکنالوجی آتی ہے تو پرانی ٹیکنالوجی بیکار ہو جاتی ہے یہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی بزنس چال کہہ لیں یا واقعی ٹیکنالوجی کا کمال کہہ لیں۔ ایک زمانہ تھا کہ بٹن والا موبائل فون استعمال ہوتا تھا وہ بھی صرف بڑے بڑے لوگوں کے پاس ہوتا تھا رفتہ رفتہ زمانہ تبدیل ہوا پھر سب کے پاس ''نوکیا'' کا موبائل سیٹ آگیا پھر ٹیکنالوجی نے مزید ترقی کی اب کچھ لوگوں کو چھوڑ کر سب کے پاس ''اینڈرائڈ'' فون یا آئی فون آگیا ہے۔ یہی حال سفر کا ہوا انسان گھوڑوں یا اونٹ پر سفر کرتے کرتے سائیکل رکشا پر آیا اور پھر تیز رفتار گاڑیوں اور اب کسی حد تک پاکستان میں الیکٹرک کار جگہ لے رہی ہیں اگرچہ اس کی رفتار بہت کم ہے لیکن جس طرح پیٹرول و ڈیزل کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے کچھ بعید نہیں کہ اگلے کچھ سالوں میں الیکٹرک کار موجودہ گاڑیوں کی جگہ لے لیں۔ انسانوں کا جانوروں پر سفر سے ہوائی جہاز پر سفر یقیناً ٹیکنالوجی کا کمال ہے۔

اب زمینی سفر کی جگہ تیز رفتار ٹرینوں اور بسوں نے لے لی۔ لہذا کسی بھی ملک کی ترقی کے لیے بہترین ٹرانسپورٹ کا ہونا بہت ضروری ہے۔ برصغیر میں انگریزوں نے چونکہ سو سال حکومت کی اس لیے برطانوی نوآبادیاتی علاقوں میں بہترین انفرااسٹرکچر بنایا گیا۔ آج جو ہم ریلوے کا نظام دیکھتے ہیں وہ انگریزوں کا ہی بنایا ہوا ہے۔ ابتداء میں سندھ کے سب سے بڑے شہر کراچی کی سڑکوں پر ٹراموں کو ادھر ادھر دوڑتے دیکھتے تھے اس زمانے میں کراچی کا سب سے پسندیدہ ذریعہء سفر ٹرام کو ہی سمجھا جاتا تھا۔ لیکن اب کراچی میں چلنے والی ٹرام قصہ پارینہ بن چکا ہے۔ گزشتہ ستر کی دہائی میں یا اس کے بعد پیدا ہونے والی نسل نے کراچی کی سڑکوں پر ٹراموں کو تصویر یا ویڈیو فلموں میں ہی چلتے دیکھا ہوگا یہ بسوں کے مقابلے میں ایک آرام دہ سواری تھی۔ کراچی میں پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مشینی دور میں داخل کرنے کا سہرا انگریزوں کے سر جاتا ہے۔ 1880ء تک شہر میں آمد و رفت کا کوئی خاطر خواہ نظام نہ تھا۔ انگریزوں کے تسلط کے بعد کراچی کے شہریوں کی آمد و رفت کو جدید سہولتیں بہم پہنچانے کے لیے یورپ کے شہروں کی طرز پر کراچی میں بھی ٹرامیں چلانے کا منصوبہ بنایا گیا۔ یہ ٹرامیں ایسٹ انڈیا ٹراموے کمپنی لمیٹڈ نے چلائی تھیں، ان کی خاص بات یہ تھی کہ اس کی پٹریاں ریل سے مختلف تھیں یہ سڑک کی سطح کے برابر ہوتی تھیں۔ کراچی میں ٹرام کی تاریخ 90 سال یعنی 1885ء سے 1975ء پر محیط ہے۔ اسی سال کراچی کے شہریوں کے لئے ٹرام سروس بند کر دی گئی وجہ یہ بتائی گئی کہ کراچی شہر پھیل رہا ہے آمد و رفت کے نئے ذرائع اور وسائل استعمل

ہونے لگے ہیں جس کی وجہ سے سڑکوں پر ٹریفک بڑھ گیا ہے اور چونکہ ٹرامیں دوطرفہ چلتی ہیں لہذا اس کی وجہ سے حادثات کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔لہذا یہ سروس ختم کردی گئی آج بھی اگر آپ کراچی کے کسی بزرگ کی یادداشتیں سنیں تو کراچی کے ٹرام کا ذکر ضرور ہوتا ہے۔

پاکستان جیسے ترقی پذیز ملکوں کا المیہ یہ ہے کہ یہاں انسانی وسائل تو بہت زیادہ ہیں لیکن ذرائع روزگار کم ہیں یہی وجہ ہے کہ جہاں ذرائع روزگار زیادہ ہیں وہاں پورے ملک سے لوگ روزگار کے لیے آجاتے ہیں جس کی بہترین مثال سندھ کے سب سے بڑے شہر کراچی کی ہے جہاں پورے ملک سے لوگ روزگار کے سلسلے میں آتے ہیں پھر یہیں کے ہوکر رہے جاتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اب کراچی کی آبادی میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کی وجہ سے نئ نئے رہائشی منصوبے بن رہے ہیں۔کراچی سے باہر ٹول پلازہ سے بھی آگے بحریہ ٹاؤن اور ڈی ایچ اے فیز نائن آباد ہورہے ہیں۔ظاہر ہے کہ جب شہر پھیلاتا ہے تو ٹرانسپورٹ، پانی، امن وامان، بجلی، پانی و گیس کی طلب میں اضافہ ہوجاتا ہے جس سے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔اس وقت کراچی بھی ٹرانسپورٹ کا بڑا مسئلہ ہے روایتی ٹرانسپورٹ حضرات کہتے ہیں کہ پہلے ٹرانسپورٹ کے بزنس میں کافی پرافٹ تھا لیکن اب پیٹرول یاڈیزل اور اسپیئر پارٹس کی اضافی قیمتوں کی وجہ سے اب ہم نقصان میں جارہے ہیں۔یہ حقیقت ہے کہ کراچی سے اکثر ٹرانسپورٹ غائب ہوگئی ہے اس خلاء کو پورا کرنے کے لئے ''چنگ چی'' رکشاء نے کسی حد تک پوری کی لیکن اس پر کورٹ نے پابندی لگادی شاید صحیح لگائی پابندی کیونکہ ''چنگ چی رکشاؤں'' کی وجہ سے حادثات بہت ہورہے تھے پھر یہ کراچی جیسے بین القوامی شہر کا حسن بھی خراب کر رہے تھے۔ ابھی کچھ عرصہ پہلے سپریم کورٹ نے کراچی سرکولر ریلوے بحال کرنے کا آڈر دیا تو انتظامیہ نے کسی بھی طرح سے سرکولر ریلوے کو بحال کردیا لیکن مربوط نظام نہ ہونے کی وجہ سے آمدنی کم اور اخراجات زیادہ دیکھنے میں آئے جس کی وجہ سے مذکورہ ٹرین سروس روک دی گئی۔ماہرین کا خیال ہے کہ اگر اس کو پبلک پرائیوٹ پاٹنرشب کے تحت دے دی جائے تو یہ سروس منافع دینے لگے گی۔ دیکھا جائے تو سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کی بحالی کے لیے بھرپور توجہ دے رہی ہے کچھ عرصہ پہلے سندھ کابینہ کے اجلاس میں ٹرانسپورٹ بحالی کے لئے ''سندھ انٹرا ڈسٹرکٹ پیپلز بس سروس'' منصوبے کے تحت 250 ڈیزل ہائبرڈ بسیں خریدنے کی منظوری دی تھی۔اس حوالے سے سندھ حکومت ٹرانسپورٹ بحالی کے لئے محکمہ کو ضروری فنڈز فراہم کیے گئے اس اقدام سے یقینا سندھ کے عوام کو فائدہ ہوگا۔یہ بسیں کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاڑکانہ، میرپورخاص اور شہید بینظیر آباد میں چلیں گی۔صوبائی وزیر نے ہر ماہ ان بسوں کی تعداد میں اضافہ کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ رواں سال کے آخر تک مزید ہائبرڈ بسیں اور الیکٹرک بسیں سڑکوں پر لائی جائیں گی۔اگر ایسا ہو جائے تو صوبہ میں پبلک ٹرانسپورٹ کا مسئلہ بڑی حد تک حل ہوجائے گا۔ دوسری طرف سندھ کے محکمہ ٹرانسپورٹ کے صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے سندھ پیپلز انٹرڈسٹرکٹ بس سروس کی مقبولیت اور شہریوں کے پرزور مطالبے پر پیپلز بس سروس کے روٹس بڑھادیے گئے ہیں۔اب کلفٹن سی ویو، ڈیفنس اور گلشن حدید کے روٹس پر بھی پیپلز بس سروس چلے گی۔ صوبائی وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ نے ہدایت دی کہ این آر ٹی سی، انڈیپینڈنٹ ایکسپرٹ سے مل کر دوروز میں کراچی کے اضافی روٹس کا پلان مرتب کیا جائے۔پیپلز بس سروس کے کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر پر سندھ ماس ٹرانزٹ اتھارٹی کا عملہ بھی تعینات کیا جائے۔انہوں نے پیپلز بس سروس کی بسوں میں ''آرٹی ایس'' سسٹم لگانے کی ہدایت دی۔ ''آرٹی ایس'' سسٹم دراصل بسوں کی ٹریکنگ، وائی فائی کی سہولت اور سی سی ٹی وی کیمروں پر مشتمل ایک سسٹم ہے جب یہ سسٹم فعال ہوجائیں گے تو بسوں کی ٹریکنگ آسان ہوجائے گی۔بسوں کی ٹریکنگ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ مسافر کو انتظار کی زحمت سے چھٹکارہ مل جاتا ہے۔موبائل کی ایپ کے ذریعے مسافر کو آگاہی مل جاتی ہے کہ بس اس وقت کہاں ہے اور کتنے دیر میں پہنچے گی۔یہی سسٹم پاکستان ریلوے اور نجی کمپنیاں جیسے ''کریم'' اور

"اوبر" میں بھی استعمال ہوتا ہے۔اس سسٹم کا سب سے زیادہ فائدہ سرکاری یا نجی دفاتر میں ملازمت کرنے والی خواتین کو ہو گا کیونکہ بس کے انتظار میں ان کو گھنٹوں انتظار کی زحمت اٹھانی پڑتی ہے۔اب وہ موبائل ایپ سے وہ صرف اسی وقت بس اسٹاپ پر پہنچیں گی جب بس آنے کا وقت قریب ہو گا۔دوسری سہولت ان بسوں میں وائی فائی کی سہولت ہے اگرچہ مذکورہ سہولت سے غریب عوام فائدہ نہیں اٹھا سکتے کیونکہ ان کے پاس اچھا والا موبائل فون نہیں ہوتا تاہم وہ نوجوان یا طالب علم جو اپنے وقت کو بہتر انداز میں گذادنے کا شوق رکھتے ہیں ان کے لیے یہ بہترین سہولت ہے،دوران سفر وہ کوئی اچھا لیکچر یا کوئی تفریح کی چیز دیکھ کر سفر کا وقت گذر سکتے ہیں۔ان بسوں میں خواتین کے لیے زیادہ گنجائش رکھی گئی ہے پُرانی بسوں میں خواتین کے لیے کم حصہ مختص کیا گیا تھا تاہم ان بسوں میں زیادہ حصہ مختص کیا گیا ہے خواتین کی مخصوص جگہ کے حوالے سے سندھ کی ٹریفک پولیس نے پہلے ہی قانون موجود ہے کہ اگر ڈرائیور نے خواتین کی جگہ پر مردوں کو بٹھایا تو اس بس والے کا چالان ہو گا۔خواتین کی سیفٹی کو یقینی بنانے کے لیے سندھ حکومت کا ہر بس میں سی سی ٹی وی کیمرے نصب کرنے کا پروگرام ہے تاکہ خواتین کو ہراساں کرنے واقعات کی روک تھاک کی جاسکے یا جیب کتروں اور دوسرے سماج دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھی جاسکے۔پوری دنیا کے ساحلی شہروں میں ہوا میں نمی کا تناسب زیادہ ہوتا ہے خصوصاً کراچی شہر میں نمی بہت ہوتی ہے اور جب حبس ہو تو اور برا حال ہوتا ہے۔جس کی وجہ سے انسان چڑچڑا پن کا شکار ہو جاتا ہے یہی وجہ ہے کہ پیپلز بس سروس کی تمام بسیں ایئر کنڈیشن نصب ہیں تاکہ مسافروں کا سفر پر سکون انداز میں گزرے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان بسوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور سڑکوں کی حالت کو بھی بہتر بنایا جائے دوسری طرف بسوں کی مرمت اور دیکھ بھال بھی کی جائے جس طرح ہم اپنی ذاتی گاڑی آئل اور پانی وقت بہ وقت چیک کرتے رہے ہیں تاکہ عوام کے پیسوں سے چلنے والی بسوں کو زیادہ سے زیادہ عرصے تک عوام کے لیے استعمال میں لایا جاسکے۔شہر قائد میں صوبائی حکومت کے تعاون سے عوام کی سہولت کے لیے بسیں متعارف کرانے اور انتہائی کم وقت میں ان بسوں کو کراچی کی سڑکوں پر لانے کا اعلان اگرچہ خوش آئند قدم ہے۔ اس سے پہلے سستی پبلک ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی کا مسئلہ جو پچھلے کچھ عشروں سے صوبہ کا دیرینہ مسئلہ بن چکا تھا اب ہو گا تاہم دوسری جانب صوبہ کے لوگ ماضی کے تجربات کے پیش نظر یہ خدشہ ظاہر کررہے ہیں کہ ٹرانسپورٹ مافیا حکومت کی ہر اسکیم کو ناکام کر دیتے ہیں۔آپ کو یاد ہو گا کہ سندھ حکومت نے گرین لائن بس سروس شروع کی تھی جو کچھ دنوں چلی لیکن اس کو ایسا ناکام کیا آج گرین بس کا نام ونشان بھی باقی نہیں ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ بس سروس سمیت ٹرانسپورٹ کے ہر منصوبے کو ہر صورت کامیاب بنایا جائے اور پرانی بسوں کے نجی مالکان کو ان کی پرانی بس لے کر نئی بس آسان قسطوں میں دی جائے جو اس سے پہلے رکشاؤں کو تبدیل کیا گیا تھا یعنی ٹو اسٹروک آٹو رکشا کی جگہ سی این جی رکشا دیا گیا اس کا فائدہ یہ ہوا کہ اب کراچی جیسے بڑے شہر میں ٹو اسٹروک رکشا نظر نہیں آتا یہی پالیسی اگر پرانی بسوں پر بھی نافذ کی جائے تو بسوں کے کالے دھویں کی وجہ سے سندھ کے شہر آلودگی کی آماج گاہ بن گئے ہیں اس سے نجات ملے گی۔نئی بسوں سے ایک تو آلودگی سے بچا جاسکے گا تو دوسری طرف عام بسوں کے مقابلے میں اس کا کرایہ بھی کم ہو گا اس لحاظ سے اگر دیکھا جائے تو سندھ کے شہری مسائل کے گھرے عوام میں امید کی ایک کرن نظر آئی ہے۔سندھ کی صوبائی حکومت کا پروگرام ہے کہ پیپلز بس سروس سندھ کے دوسرے بڑے شہروں میں بھی شروع کی جائے گی۔لاڑکانہ کے لئے تو بسیں مختص کی گئیں ہیں لیکن اس کے بعد اب حیدرآباد، سکھر، میرپورخاص اور بدین جیسے بڑے شہروں میں بھی سندھ حکومت اس سروس کو شروع کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔کراچی جیسے بڑے شہر میں جہاں پبلک ٹرانسپورٹ کی بہتری کا مطالبہ برسوں سے تھا، سندھ حکومت نے پیپلز بس سروس کے ذریعے اس مطالبے کو پورا کردیا ہے۔ ■

سکینہ علی

# وزیراعلیٰ سندھ کی سمندری آلودگی کے خاتمے کے لئے ہدایات

پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کی صنعتوں سے نکلنے والے کیمیائی فضلے اور شہری آبادی میں پیدا ہونے والے گھریلو کچرے کو سمندر میں پھینکے جانے سے سمندری حیات اور تمر کے ساحلی جنگلات، ساحل پر رہنے والے ماہگیر اور مچھلی کی پیداوار کو شدید خطرات لاحق ہوگئے ہیں۔ ماحولیاتی ماہرین نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر سمندری آلودگی پر قابو پانے کے لئے اقدامات نہیں کیے گئے تو مچھلی کی کئی اقسام پاکستانی سمندری حدود سے ناپید ہوجائیں گی اور تمر کے جنگلات کا رقبہ اور بھی کم ہو جائے گا، جس کی وجہ سے بہت سے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق کراچی میں روزانہ تقریباً ایک سو پچاس سے دو سو ملین گیلن گھریلو گندا پانی اور ایک سو پچھتر سے دو سو پچپن ملین گیلن صنعتی کیمیائی فضلہ بنتا ہے، جس کو ٹھکانے لگانا اشد ضروری ہے، مگر اتنی بڑی مقدار میں پیدا ہونے والے فضلے کو لیاری ندی سمیت دیگر بارہ بڑے نالوں اور متعدد چھوٹے نالوں کے ذریعے سمندر میں پھینک دیا جاتا ہے، جو نہ صرف سمندر میں آلودگی کا باعث بن رہا ہے بلکہ اس سے پاکستان کے سب سے بڑے صنعتی، تفریحی، تجارتی اور توجہ کا مرکز رہنے والے شہر کراچی کو بھی ماحولیاتی خطرات درپیش ہیں اوران ہی خطرات کو نظر میں رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صنعتوں کا فضلہ سمندر اور ندیوں میں چھوڑے جانے والے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے اہم اجلاس طلب کیا اور سمندر میں فضلے سمیت دیگر گندگی کو پھینکے جانے سے متعلق رپورٹس دیکھیں اور مزید رپورٹس طلب بھی کیں۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس میں موسمیاتی تبدیلیوں اور ماحولیاتی مسائل کے حوالے سے ہونے والے اجلاس میں وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ ہمارے ماحول میں آلودگی کے خاتمے پر کبھی توجہ ہی نہیں دی گئی، اگر موسمیاتی تبدیلیوں کے اسباب کو پہلے ہی دور کر لیا جاتا تو آج ہمارا ماحول بہت بہتر ہوتا۔

صاف ستھری اور صحت مند فضا کو تباہ کرنے کے ہم سب ہی ذمہ دار ہیں۔ کراچی کے سمندر میں صنعتی اور گھریلو فضلہ چھوڑا جا رہا ہے اور ساتھ ہی حیدر آباد میں بھی پھلیلی کینال کو اسی سلوک کے ساتھ آلودہ کیا جا رہا ہے، جو افسوسناک عمل ہے۔ نکاسی آب کا نظام محکمہ بلدیات، صنعتیں محکمہ انڈسٹریز اور ساحلی علاقوں کی زمین محکمہ جنگلات کے زمرے میں آتی ہے، لیکن حکومتی اقدامات اس لئے کمزور ہوجاتے ہیں کہ صنعتکاروں کا تعاون درکار نہیں ہو پاتا، اس کی ایک اور بڑی وجہ صوبائی محکموں اور اداروں میں روابط کا شدید فقدان بھی ہے، جبکہ ان متعلقہ محکموں میں قریبی روابط ہونے چاہئیں۔ ماحولیاتی آلودگی و صنعتی آلودگی کے حوالے سے کام کرنے والے سماجی اداروں اور ماہرین کے مطابق ہر قسم کی آلودگی کے خاتمہ کے لئے قومی سطح پر انسانی رویوں



وزیر اعلیٰ سندھ، سمندری آلودگی کے خاتمے کے حوالے سے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے ہیں۔

میں تبدیلی ضروری ہے۔ پاکستان کو جی ایس پی پلس سہولت کا فائدہ بھی تب ہی ہو سکتا ہے جب یہاں صنعتی شعبہ میں آلودگی سے پاک مصنوعات برآمد ہوں گی۔ حکومت اور نجی

شعبہ کو مل کر آلودگی کے بڑھتے ہوئے مسائل پر قابو پانا ہوگا۔ مختلف صنعتی اداروں کو آلودگی کے خاتمے کے لئے جاری کردہ نوٹس کا مطلب ان اداروں کو بند کرنا نہیں ہے، بلکہ انہیں ماحولیات کے ایکٹ کا پابند بنانا ہے۔ گلیوں، محلوں میں جنریٹرز کے شور اور ٹریفک کے شور، ٹوٹی پھوٹی سڑکوں کی بُری حالت سے بھی آلودگی بڑھ رہی ہے اور لوگ مستقل ذہنی تناؤ کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ اگر گندے پانی کے استعمال کو نہ روکا گیا تو آئندہ نسل میں کینسر سمیت دیگر بیماریوں کے اثرات بڑھنے کا خدشہ ہے۔

آلودگی کی روک تھام کے لئے مختلف علاقوں میں ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کیلئے عملی اقدامات کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ ماہرین ماحولیات کے مطابق ہمارے ملک میں صنعتی، آبی، صوتی اور دیگر تمام اقسام کی آلودگی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، جس کے خاتمے کے لئے اقدامات عام آدمی سے لے کر صنعتکاروں تک تمام افراد کی ذمہ داری ہیں۔ دراصل آلودگی کا مسئلہ آبادی سے شروع ہوتا ہے اس لئے آلودگی پر قابو پانے کے لئے آبادی کو کنٹرول کرنا ایک لازمی جُز ہے۔ ایک انسان صاف پانی اور صاف ماحول کی موجودگی میں صحت مند زندگی بسر کر سکتا ہے۔ فضائی، آبی اور صوتی آلودگی دورِ حاضر کا اہم ترین مسئلہ ہیں، جس کے حل کے لئے محکمہ ماحولیات کوشاں ہے، تاہم صفائی کے حوالے سے ہر ایک کو انفرادی سطح پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

آلودگی میں کمی کے لئے سب سے ضروری امر انفرادی سطح پر آگاہی کا ہے۔ لوگوں کو آلودگی اور اس سے متعلق مسائل کے بارے میں تعلیم دینے کی ضرورت ہے۔ ماضی کی نسبت آنتوں کی بیماریوں، ہیپاٹائٹس، ٹائیفائیڈ، ملیریا اور دیگر موذی امراض میں کافی حد تک اضافہ ہوا ہے، جس کی وجہ بھی آلودگی کی شرح میں اضافہ ہی ہے۔ آلودگی کا مسئلہ ساری دنیا میں ہے لیکن اس کے حل کی طرف خاطر خواہ توجہ نہیں دی جا رہی۔ ملک میں موجود اسٹیل ملز اور کاربن اسٹیل انڈسٹریز سمیت دیگر بڑی صنعتیں فضائی و آبی آلودگی کا سبب بن رہی ہیں، جس کی روک تھام کے لئے ہنگامی سطح پر اقدامات کی ضرورت ہے۔ تاہم صوبہ سندھ کے مقابلے میں پنجاب میں صنعتی آلودگی اور ٹریفک کی وجہ سے صوتی و فضائی آلودگی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، اس لئے صنعتوں کے قیام کے وقت و ماحول کے تحفظ کے لئے اقدامات کو مد نظر رکھنا چاہیے۔ صنعتیں بد قسمتی سے آلودگی پھیلانے میں بڑا کردار ادا کر رہی ہیں۔ آلودگی میں کمی اور ماحولیات کی بہتری کے لئے جنگلات میں اضافہ ضروری ہے۔ اگر ایمانداری سے دیکھا جائے تو حکومت سے قطع نظر صرف عوام ہی اپنے طور پر چند بنیادی اور ضروری امور انجام دینا شروع کر دیں تو شاید ماحول کو بہتر بنانا ہرگز مشکل کام نہیں ہے۔ ذرا سوچئے کہ اگر آپ پکنک منانے ساحل سمندر کا رُخ کرتے ہیں تو یہ ضروری تو نہیں کہ آپ کھانے کے بعد کچرا اور شاپر بھی پانی کی نذر کرتے رہیں۔ کیا یہ بھی ضروری ہے کہ آپ کی گاڑی دھواں چھوڑتی ہوئی فضائی آلودگی میں مزید اضافہ کرتی جائے؟ ان تمام امور کے حوالے سے اگر تھوڑا سا شعور اور تہذیب کا اظہار کیا جائے تو آلودگی کو باآسانی کم کیا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ شجرکاری ایک بہترین ماحول دوست عمل ہے۔ ہر شہری اگر کم از کم ایک درخت بھی لگانے کا عزم کرلے تو یہ فضا خوشگوار ہوسکتی ہے۔ ان درختوں سے فضا میں کاربن کی مقدار کو متوازن رکھ کر تمام ہی جانداروں کے لئے پائیدار ماحول بنایا جاسکتا ہے۔ سندھ حکومت اس حوالے سے ایک منظم منصوبہ بندی کے تحت مختلف شجرکاری کی مہمات کے ذریعے درخت و پودوں کی کاشت کا عمل جاری رکھے ہوئی ہے، لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ ان درختوں اور پودوں کی دیکھ بھال بھی کی جائے۔ ہمارے ملک میں ادارہ ماحولیات کو فعال اور سرگرم ہونے کی شدید ضرورت ہے۔ اگر ایسی ہی کی جانے والی چھوٹی چھوٹی کاوشوں کو سرکاری سرپرستی حاصل ہوجائے تو اس کا دائرہ کار وسیع ہوسکتا ہے اور اس سے بڑھ کر ماحولیاتی آلودگی کم کرنے کے وسیع ذرائع میسر آسکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہمارے لیے بھی جتنا ممکن ہو آلودگی پھیلانے والے عوامل سے بچنا چاہئے اور ماحولیات کی بقا کے لئے اپنے طور پر بھی اقدامات کرنے چاہئیں، کیونکہ بہتر ماحول ہمارے آنے والے کل کو صحت مند بنانے کا ضامن ہے۔ ■

# بجلی کی بحرانی کیفیت سے چھٹکارا کیسے ممکن ہے

قرۃ العین

ترقی یافتہ ملکوں میں تو یہ تصور بھی نہیں کیا جاتا کہ بجلی کی بندش لوڈشیڈنگ کی صورت میں ہو سکتی ہے، لیکن ہمارے ہاں اس جدید دور میں بھی کئی کئی گھنٹوں لوڈشیڈنگ معمول بن چکی ہے۔ بجلی کی گھنٹوں بندش سے ایک طرف جہاں عوام پریشان ہو جاتے ہیں وہیں معاشی ترقی پر بھی اس کے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ کام کے آٹھ گھنٹوں میں اگر تین سے چار گھنٹے بجلی نہیں ہو گی تو نقصان یقینی ہی ہے۔ دوسری طرف جنریٹر کا استعمال اس کے متبادل کے طور پر کیا جاتا ہے لیکن بڑھتی ہوئی فیول کی قیمتوں نے اب یہ راستہ بھی مشکل کر دیا ہے۔ پاکستان میں توانائی کا بحران بدستور جاری ہے، خاص طور پر گرمی کے دنوں میں اس بحران میں شدت بڑھ جاتی ہے۔ گاؤں دیہاتوں کی اگر بات کی جائے تو وہاں کے لوگ سردی اور گرمی دونوں ہی موسم میں لوڈشیڈنگ کی پریشانی کا سامنا کر رہے ہوتے ہیں، جبکہ بعض شہری علاقوں میں بھی آٹھ سے دس گھنٹے لوڈشیڈنگ ہوتی دکھائی دیتی ہے اور کچھ دیہی علاقہ جات میں یہ دورانیہ اٹھارہ گھنٹے تک ہے۔ بجلی کے بحران سے نمٹنا کسی ایک وفاقی یا صوبائی حکومت کے بس کی بات نہیں بلکہ تمام حکومتوں کو مل کر اس ضمن میں کام کرنے کی ضرورت ہے۔ جیسے سندھ کی صوبائی حکومت نے تھر میں کوئلے کے ذخیرے کو استعمال میں لا کر بجلی کی پیداوار شروع کروائی اور اسے نیشنل گرڈ میں شامل کیا گیا اسی طرح دیگر صوبائی حکومتوں کو بھی اس نوعیت کے منصوبے تیار کرنے کی ضرورت ہے اور وفاق کو بھی تعاون کرنے کی ضرورت ہے اسی طرح ملک کو بجلی کی بحرانی کیفیت سے نکالا جا سکتا ہے۔

آیئے اس طرف نظر دوڑاتے ہیں کہ پاکستان میں بجلی کا بحران کیوں ہے؟ اس کے کیا اسباب ہیں؟ اور اس کے حل کے لیئے کیا کیا جائے؟ ان سوالات کے نہ صرف جوابات ڈھونڈنے کی ضرورت ہے، بلکہ اس مسئلے پر قابو پانے کے لئے سنجیدہ اقدامات کرنے کی بھی ضرورت ہے۔ پاکستان میں اس وقت بجلی کی زیادہ سے زیادہ طلب 22000 میگاواٹ کے لگ بھگ ہے۔ بجلی کی کمی کی کئی وجوہات ہیں۔ بجلی کی پیداوار پورا سال طلب سے کم رہتی ہے۔ بجلی کی طلب میں 7 سے 8.5 فیصد سالانہ کے تناسب سے اضافہ ہو رہا ہے۔ حکومتِ پاکستان کے اپنے اندازوں کے مطابق 2023ء کے اخیر تک بجلی کی طلب تین گنا سے بھی زیادہ ہو جائے گی۔ اگر بجلی کے نئے ذرائع تلاش نہ کئے اور جاری منصوبوں کی تکمیل نہ کی گئی تو صورتحال تشویشناک ہونے کا خدشہ ہے۔

اگر دیکھا جائے تو وفاقی حکومت یہ تسلیم کرتی ہے کہ پاکستان میں بجلی کے بحران کی وجہ سے سالانہ جی ڈی پی کا تین فیصد حصہ ضائع ہو جاتا ہے۔ اگر اس رقم کو بجلی پیدا کرنے کے متبادل ذرائع پر خرچ کیا جائے تو بجلی کا بحران



توانائی کی پیداوار کے مختلف ذرائع۔

حل ہو سکتا ہے۔ بجلی پیدا کرنے کے بہت سے ذرائع ہیں اور دنیا کے مختلف ممالک میں کئی طریقوں سے بجلی پیدا کی جا رہی ہے، آیئے چند ذرائع پر روشنی ڈالتے ہیں۔

**شمسی توانائی سے بجلی کی پیداوار**

شمسی توانائی بجلی پیدا کرنے کا وہ ذریعہ ہے جس کے تحت پاکستان میں بہت بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ شمسی توانائی سے نہ صرف بجلی پیدا کی جاسکتی ہے بلکہ گرم پانی بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ پاکستان میں ایسے گیزر مارکیٹ میں آچکے ہیں جو شمسی توانائی کی مدد سے پانی گرم کرتے ہیں۔ بجلی کی پیدوار کے لئے اوسطاً دس گھنٹے کی روشنی درکار ہے، جبکہ پاکستان میں سولہا گھنٹے روشنی دستیاب ہوتی ہے۔ سولر انرجی سے حاصل ہونیوالی بجلی انتہائی سستی ہے، جبکہ نیشنل گرڈ میں ایک میگاواٹ بجلی بھی اس کے ذریعے حاصل نہیں کی جارہی، لیکن پاکستان میں بعض نجی ادارے ایسی ڈیوائسز بنارہے ہیں اور کچھ جگہوں پر نجی طور پر اس سے بجلی بھی حاصل کی جارہی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت شمسی توانائی کے منصوبوں پر توجہ دے، کیونکہ بڑھتے ہوئے بجلی کے بحران پر قابو پانے کے لئے شمسی توانائی کے منصوبے متعارف کروانا اشد ضروری ہے۔

**ہوا کے ذریعے بجلی کی پیداوار (ونڈ انرجی)**

ونڈ انرجی، ہوا سے بجلی پیدا کرنے کو کہتے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک ونڈ انرجی کے ذریعے بجلی کی ایک بڑی مقدار پیدا کررہے ہیں۔ پاکستان میں ہوا سے اتنی بجلی پیدا کی جاسکتی ہے، جس کے ذریعے ملک کا کونہ کونہ روشن ہوجائے۔ سندھ حکومت نے مختلف منصوبوں اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ونڈ انرجی کے منصوبے تکمیل کو پہنچائے ہیں، جن سے بجلی کی پیداوار میں اضافہ ہوا ہے اور صورتحال میں واضح بہتری آئی ہے۔ حکومت پاکستان کو اس سلسلے میں صوبائی حکومت کے ساتھ تعاون کرنا چاہئے تاکہ مزید ایسے منصوبے متعارف کروائے جاسکیں جن کے تحت ونڈ انرجی کے ذریعے بجلی پیدا کی جاسکے۔

**پانی سے بجلی کی پیداوار**

پاکستان سمیت دنیا کے کئی ملکوں میں پانی سے بھی بجلی کی پیداوار جاری ہے۔ پانی سے بجلی پیدا کرنے کے مختلف طریقے ہیں، جیسے ڈیم، نہریں، دریا اور سمندر وغیرہ۔ پاکستان 6500 میگاواٹ بجلی ڈیموں کے ذریعے ہی حاصل کرتا ہے، یعنی ہماری کل ضروریات کا تینتیس فیصد پن بجلی سے پورا کیا جاتا ہے۔ پن بجلی کی لاگت چھ روپے فی یونٹ بنتی ہے جبکہ تھرمل بجلی کی لاگت بیس سے تیس روپے فی یونٹ ہے۔ پاکستان میں اگر بھاشا ڈیم بنالیا جائے تو مزید کئی ہزار میگاواٹ بجلی پانی کے ذریعے پیدا کی جاسکے گی۔ مزید نئے ڈیموں کی تعمیر سے موجود مختلف ڈیموں پر سے بھی دباؤ کم ہوگا اور ان کی مرمت کا کام بھی باآسانی کیا جاسکے گا۔ اگر وفاقی حکومت ڈیم نہ بھی بنائے اور صرف پنجاب اور سندھ کی نہروں پر ٹربائین لگوا دے تو ایک ہزار میگاواٹ بجلی باآسانی حاصل ہوسکتی ہے۔ چائنا جہاں دنیا کا سب سے بڑا ڈیم موجود ہے وہ اس ڈیم سے لاکھوں میگاواٹ بجلی پیدا کررہا ہے، اس کے علاوہ بھی کئی ملک ایسے ہیں جو ڈیم سے نہ صرف پانی ذخیرہ کررہے ہیں بلکہ بجلی بھی پیدا کررہے ہیں۔ اگر وفاقی حکومت منصوبہ بندی کے تحت کام کرے تو ملک میں پانی کے ذریعے مزید بجلی کی پیداوار ہوسکتی ہے۔

**کوئلے سے بجلی کی پیداوار**

پاکستان میں کوئلے کے اتنے ذخائر موجود ہیں کہ اگلے کئی سو سالوں تک ہزاروں میگاواٹ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ پاکستان میں کئی ارب ٹن کوئلے کے ذخائر موجود ہیں جو دنیا کے چوتھے بڑے کوئلے کے ذخائر ہیں۔ ان ذخائر کی مالیت کھربوں ڈالر بنتی ہے۔ کوئلے سے حاصل ہونیوالی بجلی بہت کم پیسوں میں پر یونٹ پڑھے گی اور کوئلے سے بجلی پیدا کرنے پر سالانہ اربوں ڈالر تیل کی بچت بھی ہوگی۔ پاکستان میں کوئلے کے ذخائر خوشاب، چکوال، میانوالی اور تھر میں ہیں۔ گذشتہ سال تھر میں تھر کول منصوبے کے تحت 660 میگاواٹ بجلی پیدا کی جاچکی ہے جو کہ نیشنل گرڈ میں دی جارہی ہے اور آئندہ آنے والے وقت میں اس کی پیداوار میں مزید اضافے کے امکانات بھی ہیں، جس کا کریڈیٹ سندھ کی صوبائی حکومت کو جاتا ہے، نتیجتاً نیشنل گرڈ میں بجلی کی پیداوار بڑھی ہے، جو کہ خوش آئند ہے۔

**کچرے سے بجلی کی پیداوار**

کوڑا جسے کسی کام کا نہیں سمجھا جاتا اور اس کو تلف کرنے کے لئے نہ جانے کیا کیا اقدامات کئے جاتے ہیں، جبکہ دنیا میں کوڑے سے بجلی پیدا کرنے کی غرض سے کئی پلانٹ لگائے گئے ہیں۔ صرف جاپان میں ساڑھے تین سو کے

قریب پلانٹ موجود ہیں۔ نہ صرف پلانٹ موجود ہیں بلکہ ان سے بجلی بھی بنائی جارہی ہے۔ پاکستان میں ویسے ہی کچرے کی صفائی کے حوالے سے اکثر شکایات موصول ہوتی رہتی ہیں۔ اگر حکومت چاہے تو کچرے کو بجلی بنانے کی غرض سے استعمال کرسکتی ہے اور یہی کچرا جس کی صفائی آج ہمارے لئے مسئلہ بنی ہوئی ہے کام میں آسکتا ہے۔ دنیا کے مختلف ملکوں میں کوڑے سے روزانہ کئی میگاواٹ بجلی حاصل کی جارہی ہے، جو ایک حیران کن عمل ہے۔

**جوہری توانائی سے بجلی کی پیداوار**

پاکستان میں نیوکلیئر انرجی سے کئی ہزار میگاواٹ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے اور جوہری توانائی کی مدد سے تھرمل پاور کی نسبت پینتیس فیصد سستی بجلی حاصل ہوسکتی ہے، جو اس وقت کی اہم ضرورت بھی ہے۔

**زمین کی اندرونی حرارت سے بجلی کی پیداوار**

جیوتھرمل پاور سے بھی بجلی کی پیداوار ممکن ہے۔ زمین کی اندرونی حرارت سے انرجی کا حصول جیوتھرمل انرجی کہلاتا ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ زمین میں دو سوراخ کرکے ایک سے پانی کو زمین میں پمپ کیا جاتا ہے اور دوسرے سے بھاپ زمین پر آتی ہے جس سے ٹربائین کو چلایا جاتا ہے۔ جیوتھرمل سے بجلی کی پیداوار، عمارات کو گرم کرنے، آبی پودوں کی کاشت اور گرین ہاؤس کے کام لئے جاتے ہیں۔ فلپائن 23 فیصد بجلی اسی ذریعے سے حاصل کرتا ہے۔ یہ پن بجلی سے بھی سستی طریقہ کار ہے۔ بجلی کی پیداوار کے ان تمام طریقوں کے علاوہ مختلف اور طریقے ایسے ہیں جن کے تحت بجلی پیدا کی جاسکتی ہے، مگر یہ سب تو صرف طریقے ہیں ان کے حوالے سے منصوبے بھی بنائے جائیں تو کیا ہی اچھا ہوگا۔ تاہم سندھ حکومت ہمیشہ بجلی کے مسائل کو حل کرنے کے لیے اپنے ذرائع تلاش کرتی رہتی ہے اور حال ہی میں ورلڈ بینک اور حکومت سندھ نے صوبے میں بجلی کے منصوبے پر دستخط کئے ہیں۔ سندھ حکومت نے توانائی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع توانائی پالیسی بنائی ہوئی ہے جس کے لیے سولر، ونڈ اور کوئلے کے ذریعے بجلی پیدا کرنے کے وافر ذرائع استعمال کئے جارہے ہیں۔ اس وقت سندھ میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کئے گئے مختلف منصوبے بجلی پیدا کررہے ہیں، جن سے نہ صرف صوبہ سندھ بلکہ پورے ملک کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ خوش آئند بات یہ ہے کہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ توانائی کے بحران پر جلد قابو پانے کے لئے نہایت سنجیدگی سے کام کررہے ہیں اور وقتاً فوقتاً جاری منصوبوں کا جائزہ لینے کے لئے وزیراعلیٰ ہاؤس میں اجلاس بھی طلب کرتے رہتے ہیں اور مختلف منصوبوں پر کام کی نوعیت دیکھنے کے لئے دورے کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ توانائی کے علاوہ بھی سندھ حکومت صوبے کے دیگر مسائل کو حل کرنے کے لئے تیزی سے کام کررہی ہے، جس میں تعلیم، صحت، زراعت، انفرااسٹرکچر اور امن و امان سرفہرست ہیں۔ سندھ حکومت کم مالی وسائل ہونے کے باوجود جس نوعیت کے اقدامات اُٹھا رہی ہے وہ قابل ستائش ہیں، تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر بجلی کے منصوبے متعارف کروائیں اور اس پر کام کریں تاکہ ملک و قوم کو لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔ کسی بھی ریاست کے معاشی طور پر مضبوط، مستحکم اور ترقی یافتہ ہونے کا راز بہتر طرز حکومت، طویل المدتی پالیسیاں اور مضبوط معاشی اور صنعتی نظام ہے۔ جبکہ صنعتی نظام کو فعال رکھنے کے لئے توانائی کی وافر مقدار میں موجودگی ہونا ضروری ہے۔ مضبوط اور ترقی یافتہ ممالک وقت کے ساتھ توانائی کے حصول اور متبادل توانائی کے لئے بھی کوشاں رہتے ہیں تاکہ ماحولیاتی تبدیلیوں اور موسمی تغیرات پر قابو پاکر عوام دوست توانائی کے حصول کو ممکن بنایا جاسکے۔ پاکستان میں سب سے زیادہ توانائی کے ذخائر، وسائل اور مواقع بلوچستان کے بعد وادئ مہران صوبہ سندھ میں موجود ہیں۔ سندھ حکومت ان ذخائر کی تلاش، وسائل کی منصفانہ تقسیم خاص طور پر صوبے کی عوام کے لئے استعمال اور مواقع پیدا کرنے کے لئے ہمیشہ کوشاں رہتی ہے۔ سندھ کے وسائل سے نیشنل گرڈ میں بھی بجلی کی پیداوار بڑھائی جارہی ہے جس کی مثال تھرکول پروجیکٹ ہے، جس کے تحت کئی میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ میں شامل ہوکر ملک کے اندھیرے دور کرنے میں مددگار ثابت ہورہی ہے۔ ■

# بچوں کو منشیات کی لت سے بچانے کے لئے اقدامات کی ضرورت

پروفیسر لطافت علی جوہر

بچے قدرت کا حسین تحفہ اور نعمت ہونے کے ساتھ ساتھ ملک و قوم کا قیمتی سرمایہ بھی ہوتے ہیں۔ یہ ہمارا قیمتی سرمایہ اور مستقبل کے معمار، جن سے ہمارے روشن مستقبل کی امیدیں وابستہ ہیں بڑی بے دردی کے ساتھ گلیوں کوچوں میں آوارگی کی نظر ہو کر ضائع ہوتا ہوا نظر آئے تو دل بے اختیار خون کے آنسو روتا ہے۔ ہمارے ملک میں بدقسمتی سے اس اہم مسئلے پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی۔ عدم توجہی، بے دہانی اور ریاست کی طرف سے کوئی واضح پالیسی اور منصوبہ بندی و قانون سازی اور عملداری نہ ہونے کے باعث بچوں کے بہتر ماحول اور سازگار مستقبل کی کوئی ضمانت نہیں دی جا سکی اور تبدیلی کی ساری امیدیں، وعدے اور دلاسے دم توڑتے نظر آرہے ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے قائدین اور باشعور لوگوں کے معیار اور پیمانے بھی عجیب ہیں۔ ہمارے پاس سب سے لاوارث مخلوق بھی عورتیں اور بچے ہیں جنہیں مسلسل نظر انداز کیا جارہا ہے۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں ہر سال کروڑوں بچے غربت، جنگ، قحط و بدحالی کے باعث لقمہ اجل بن جاتے ہیں، جبکہ اس سے پہلے ہر سال دنیا بھر میں پچپن لاکھ نوزائیدہ بچے اسپتالوں میں صحت کی بہتر سہولتیں اور دیکھ بھال نہ ہونے کے سبب فوت ہو جاتے ہیں۔ دس کروڑ بچے بے سہارا ہیں۔ ایڈز اور دیگر جان لیوا بیماریوں کے سبب یتیم ہونے والوں کی تعداد ایک کروڑ ہے۔

اقوام متحدہ کے عالمی ادارے کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں چالیس فیصد بچے غربت کی لکیر سے نچلی سطح والی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ پاکستان میں تین سے اٹھارہ سال کے ڈھائی ملین بچے بے گھر ہیں۔ جنہیں ہم اسٹریٹ چائلڈ کہتے ہیں، جن میں سے ستر فیصد بچے منشیات کی لعنت کا شکار ہیں۔ پاکستان کے لاہور شہر میں تقریباً ستر ہزار بچے بھیک مانگتے ہیں، جبکہ کراچی میں یہ تعداد دگنی ہے۔ صحت کی سہولتیں میسر نہ ہونے اور مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث سات ہزار بچے پیدائش کے کچھ ماہ بعد فوت ہو جاتے ہیں۔ اٹھارہ سال سے کم عمر کے دو کروڑ بچے تعلیم حاصل کرنے سے مکمل طور پر محروم ہیں۔ ہر سال تقریبا سینکڑوں بچے اغوا، قتل اور جنسی تشدد کے باعث خودکشی اور قبائلی جھگڑوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ پاکستان کے ہر شہر میں بچوں کی بڑی تعداد میں منشیات کی لعنت میں مبتلا ہے۔ خوشیاں اور مسکراہٹیں بکھیرتے یہ بچے جو کھلونوں اور محبتوں کے طلبگار ہوتے ہیں ان کے حصے میں زمانے کی ذلتیں اور سماج کی رسوائیاں و اخلاقی برائیاں اور منشیات جیسی لعنت کا اصل سبب ان کے گھر سے جنم لیتا ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے ''منشیات اور جرائم'' نے لوگوں کو منشیات کی لعنت سے نجات دلانے کے لئے ایک آگاہی مہم چلائی،



ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب، بے سہارا بچوں کے لئے بنائے گئے شیلٹر ہوم کا افتتاح کر رہے ہیں۔

جس کا موضوع ''منشیات بچوں کا کھیل نہیں'' منتخب کیا، جس کے بعد عالمی ادارہ ''یو این'' کے منتظمین نے سخت تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر دنیا کے اندر بچوں میں منشیات

کا استعمال روکا نہ گیا تو یہ بڑی تباہی پھیلانے والا ''سماجی بم'' ثابت ہوگا۔ پاکستان میں نشے کے عادی بچوں کی تعداد تقریباً دو ملین ہے۔ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو کی رپورٹ کے مطابق پنجاب میں ستر ہزار بچے منشیات کے عادی ہیں، جبکہ صوبہ سندھ کے شہر کراچی میں یہ تعداد دو لاکھ کے لگ بھگ ہو گئی ہے۔ چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو نے اپنی رپورٹ میں لاہور کے حوالے سے بتایا ہے کہ اس وقت چالیس ہزار بچے سڑکوں، راستوں اور مارکیٹوں کے آس پاس بھیک مانگ رہے ہیں اور ایسے بچوں کی بڑی تعداد نشہ استعمال کرتی ہے اور نشے کے عادی ان بچوں کا معاشرے سے تعلق ٹوٹ جاتا ہے اور نہ کردہ جرائم اور گناہوں کے الزام میں یہ بچے اپنا اعتبار گنوا بیٹھے ہیں، جس کی وجہ سے والدین، رشتہ داروں اور دوستوں کی حقارت و نفرت کا مرکز بن جاتے ہیں۔ نشے کی طلب معاشرے کی ذلت بھری نگاہیں اور معاشرے کے حقارت اور نفرت آمیز رویئے انہیں جرائم کی دنیا میں دھکیل دیتے ہیں۔ معاشرہ ان سے نفرت تو کرتا ہے لیکن ان کے اسباب جاننے کی کوشش نہیں کرتا۔ نشہ کرنے والے بچوں کی بڑی تعداد کا غریب طبقے سے تعلق رکھنا بھی ایک قابل غور عوامل ہے اور نشے کے استعمال کا بڑا سبب ان کے گھر کا ماحول بھی ہے۔ غریب گھرانوں میں غربت کے علاوہ کافی ایسے عوامل ہیں جو بچے کو گھر سے دور کر دیتے ہیں۔ غربت کے ساتھ ساتھ جہالت اور بے روزگاری بھی انہیں کئی مسائل میں جکڑ لیتی ہے۔ ان میں خاص طور پر گھر والوں کا بچوں کے ساتھ ناروا سلوک اور منفی رویئے، لعنت و ملامت، طعنہ و تشنے برداشت نہ کرنا بھی ہے۔

بدقسمتی سے گھر محلے اور اسکول میں مناسب تربیت نہ ہونے کے سبب ہمارے معاشرے میں برداشت کا مادہ اور برداشت کی قوت ختم ہوتی جارہی ہے۔ ہم کبھی بھی کمزوروں کو برداشت نہیں کرتے اور ان پر حکم چلا کر نفسیاتی تسکین حاصل کرتے ہیں۔ میاں بیوی کے درمیان جھگڑے کی شرح امیر طبقے سے غریب طبقے میں زیادہ ہوتی ہے۔ مرد ہمیشہ اپنی طاقت کی دھاک اور اثر بٹھانے کے لیے عورتوں اور بچوں پر تشدد کرتا رہتا ہے۔ ایسی صورت میں بچے ہی سب سے زیادہ تشدد کا شکار ہوتے ہیں اور جلد ہی اس کے منفی اثرات قبول کر لیتے ہیں۔ غریب خاندان مایوسی کا شکار ہو کر بے بسی اور وسائل کی عدم دستیابی کو قسمت کا لکھا سمجھ کر خود پر مسلط کر لیتے ہیں۔ بہتری کی جانب کوشش کرنے کے بجائے تمام مصیبتیں اور پریشانیوں کو مقدر سمجھ کر قبول کرتے ہیں، جبکہ بچے اس دوران کہیں ذہنی خواہ جسمانی طور پر ارتقائی منازل طے کرتے ہوئے آگے بڑھتے ہیں۔ کافی بچے ماحول اور حالات سے سمجھوتہ کر لیتے ہیں، جبکہ بیشتر بچے تبدیلی چاہتے ہیں اور یہ تبدیلی انہیں گھر سے باہر ہی نصیب ہوتی ہے۔ بچے خوشی، لذت اور تسکین حاصل کرنا چاہتے ہیں جو انہیں گھر میں نہیں مل سکتی اور گھر سے باہر وہ غلط ہاتھوں میں چلے جاتے ہیں، جو انہیں نشے کا عادی بنا کر ان کے ساتھ جنسی تشدد اور غیر اخلاقی برائیاں کرتے ہیں۔ نشے کے عادی ہر بچے کے گھر کے حالات مختلف ہوتے ہیں، لیکن ایک عنصر سب میں مشترک ہے اور وہ ہے تشدد۔

ملک کے مختلف علاقوں میں سروے کرنے کے بعد جو رپورٹ سامنے آئی ہیں ان کے مطابق نشہ استعمال کرنے والے بچوں کی اوسطاً عمر سات سال سے چودہ سال تک کی تھی۔ اس عمر کے بچوں میں اچھے اور برے کی تمیز نہیں ہوتی۔ یہی وجہ ہے کہ یہ بچے ان اخلاقی برائیوں اور گھناؤنے جرائم کے دلدل میں دھنستے چلے جاتے ہیں، کیونکہ نشہ انہیں اپنے آس پاس کے ماحول اور دنیا سے غافل رکھتا ہے۔ تعلیم نفسیات کے ماہرین کے مطابق یہ عمر بچوں کی نشوونما میں سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے، کیونکہ بچے اسی عمر کے تقاضوں کے تحت آزادی سے کام کرنے، اپنی تعریف کرانے، تجسس، تقلید، خودنمائی اور سماجی تعلقات بڑھانا چاہتے ہیں۔ بچہ اس عمر میں جسمانی مہارت میں بھی سیکھتا ہے، کیونکہ اس کا جسم مضبوط ہوتا جاتا ہے اور ذہنی حدود بھی وسیع ہو جاتی ہے۔ اس عمر کے دوران بچے کو اخلاقی تربیت دینا بے حد ضروری ہے۔ بچہ آگے بڑھنے کی صلاحیت رکھتا ہے وہ اپنے چھوٹے بڑے کام دوسروں کو دکھا کر داد اور خوشی کا خواہش مند رہتا ہے اور بچے میں تعاون، ہمدردی اور خلوص کا جذبہ بڑھتا ہے۔ اسی عمر میں اگر اس پر تشدد کیا جائے اور اس کی

خواہشات کا گلا گھونٹ کر اسے نظر انداز کیا جائے تو یقیناً بچے میں غصہ، حسد، بغض، کینہ پروری اور انتقام جیسے منفی رجحانات اس کی شخصیت کا حصہ بن جاتے ہیں اور وہ گھر میں رہنے کی بجائے باہر کے ماحول میں جانے کو ترجیح دے گا، کیونکہ باہر کی دنیا اسے اپنی طرف کھینچتی ہے، اس کی بات کو سنا جاتا ہے اور اس کی تعریف بھی ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ وہ غلط صحبت اختیار کر لیتا ہے، جو اسے نشے اور دیگر سماجی برائیوں کی جانب راغب کرتی ہے۔

غلط لوگوں کی صحبت بچوں کو کافی مراعات دیتی ہیں۔ اسے مفت نشہ آور اشیاء سگریٹ، چرس، بھنگ، افیم، کچی شراب، صمد بونڈ، سلوش، اسپرٹ اور تھنر وغیرہ فراہم کرتی ہے اور جب بچہ اچھی طرح نشے کا عادی ہو جاتا ہے تو پھر نشہ پورا کرنے کے لئے پیسے طلب کیے جاتے ہیں۔ ایسے بچوں کا نہ تو گھر ہوتا ہے، نہ کوئی ٹھکانہ اور نہ ہی کوئی روزگار کا ذریعہ۔ پھر پیسوں کے لیے وہ چوریاں کرتے ہیں یا بھیک مانگتے ہیں یا پھر چھوٹی بڑی مزدوری کرتے ہیں۔ کچھ بچے گاڑیاں صاف کرتے ہوئے، کچرا اٹھاتے ہوئے، رومال، ٹافیاں، پھولوں کے ہار، جوس، منرل واٹر کی بوتلیں اور دیگر اشیاء فروخت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ ان کی بڑی تعداد نشے کی عادی ہوتی ہے۔ نشہ استعمال کرنے والے سب بچے گھروں سے فرار نہیں ہوتے کچھ راستہ اور گھر بھول جاتے ہیں اور اغوا ہوتے ہیں اور اغوا کے بعد انہیں فروخت کیا جاتا ہے۔

ہمارے ملک کی آبادی کا بڑا حصہ دیہاتوں پر مشتمل ہے، جس کی تقدیر کے فیصلے جاگیردارانہ نظام کے تحت ہوتے ہیں، جو صدیوں سے مروج ہیں اور اس سرداری، وڈیرہ، چوہدری، قبائلی وطبقاتی نظام اور اس کے اثرات نے پوری طرح دیہاتی زندگی کو اپنے شکنجے میں جکڑ لیا ہے۔ ایسے گھٹن والے ماحول میں انسان تو کیا جانور بھی آزادی سے سانس نہیں لے سکتا۔ انسان کو اپنی زندگی سرداروں، وڈیروں، خانوں اور چوہدریوں کی مرضی و منشا



سندھ حکومت کا عزم بچوں کا محفوظ مستقبل۔

کے مطابق گزارنی پڑتی ہے اور اس ماحول یا نظام سے ہٹ کر زندگی گزارنے یا سماج میں بہتری لانے کو بغاوت تصور کیا جاتا ہے۔ ایسے فرسودہ نظام اور سماج مین شامت بچے اور عورت ہی کی آتی ہے، جس سے جبری مشقت لی جاتی ہے اور جاگیردارانہ سماج سے فراریت اختیار کرنے والے بچے کے مقدر میں جبری مشقت ہی لکھی ہوتی ہے، کیونکہ شہر کا ماحول بھی اس بچے کی کوئی امداد و معاونت نہیں کرتا۔ وہ بھی اس کی بے بسی اور مجبوری کا پورا پورا فائدہ اُٹھاتے ہوئے اس سے جبری مشقت یا کم اُجرت پر سخت کام لیتا ہے۔ آپ کو شہر میں اکثر بچوں کو ہوٹلوں میں بیراگیری، گیراج، ورکشاپس میں بھاری مشینوں اور موٹرز کی صفائی کرتے، برف کے کارخانوں، کاٹج انڈسٹری اور ٹیکسٹائل ملز، کالین سازی، کیمیکلز فیکٹریوں میں کام کرتے نظر آئیں گے۔ ہمارے ملک کے کافی دیہات مختلف قومیتوں، قبیلوں وذات، برادریوں پر مشتمل ہیں۔ جہاں پر کافی قبائلی تنازعات موجود ہیں۔ جس کی بنیادی وجہ جہالت، کم علمی اور شعور سے عاری ہونا ہے۔ ان برادریوں کے تکرار اور تنازعات و فسادات کی بھینٹ کافی معصوم عورتیں اور بچے اپنی زندگیاں اور قیمتی جانیں ضائع کر چکے ہیں۔ اکثر قبائلی تنازعات اور ذاتی جھگڑوں میں عورتوں اور بچوں کو استعمال کیا جاتا ہے۔ کاروکاری جیسی غیر انسانی اور غیر اخلاقی غلیظ روایت کا الزام لگا کر اپنی عورتوں کو قتل کیا جاتا ہے اور مخالف فریقین کا مقابلہ نہ کرنے کی صورت میں بچوں کو اغوا کر کے قتل کیا جاتا ہے۔ کہیں خوشحال گھرانوں کے معصوم بچوں کو تاوان کے لئے اغوا کیا جاتا ہے اور تاوان نہ

دینے کی صورت میں اس معصوم بچے کے ساتھ اجتماعی زیادتی کرنے کے بعد قتل کر دیا جاتا ہے۔ ایسی کافی رپورٹس منظر عام پر آتی ہیں۔ اس کے علاوہ دیہاتوں میں ثقافتی رسم و رواج کے مطابق اکثر میلے، ملاکھڑوں اور شادیوں میں ناچ گانے کے فنکشن کے دوران "ناچو لڑکوں" کا رواج بھی رسم کی صورت میں مروج ہو چکا ہے۔ یہ ناچو لڑکے/ بچے بیشتر غربت اور تنگدستی کے باعث یہ پیشہ اختیار کرتے ہیں اور ان میں بچوں کی بڑی اکثریت دیہات کے صحت مند، خوبصورت اور پرکشش لڑکوں اور بچوں کی ہوتی ہے۔ روزگار کی مناسب سہولیات میسر نہ ہونے اور معاشی تنگدستی کے باعث اکثر غریب اور بدحال والدین اپنے بچوں کو رضاخوشی سے ان گانے بجانے والوں کے حوالے کر دیتی ہے، تاکہ بچوں کی آمدنی سے گھر کا چرخہ چل سکے اور ایسے بچوں کے ساتھ جنسی تشدد اور اخلاقی زیادتیاں بھی کثرت سے رونما ہوتی ہیں، جو کہ افسوسناک عمل ہے۔

اس کے علاوہ ہمارے ملک سے اکثر معصوم بچوں کو اغواء کر کے خلیجی ممالک کی جانب اسمگل کر کے انہیں اونٹوں کی دوڑ میں استعمال کیا جاتا ہے۔ بچوں کی ایسی غیر اخلاقی اور غیر انسانی اسمگلنگ میں اربوں، خلیج ممالک کے ایجنٹ ہمارے ملک میں ایک مضبوط نیٹ ورک رکھتے ہیں اور ملک کے پسماندہ علاقوں میں پھیلے ہوئے ہیں۔ جہاں پر لوگوں کی غربت اور تنگدستی کا سودا کر کے ان کے معصوم بچوں کی خرید و فروخت کرنے کے بعد بچوں کو اپنے عرب آقاؤں کے لیے اسمگل کیا جاتا ہے۔ بچوں کی ایسی اسمگلنگ میں مرد و عورتیں خاص طور پر پیشہ ورانہ لیڈیز جو ایسے کام میں مہارت رکھتی ہیں، پاسپورٹ میں اپنا بچہ اندراج کر کے عرب ممالک میں پہنچاتی ہیں۔ جنہیں ایسی خدمات کے عوض ایک مخصوص معاوضہ دیا جاتا ہے۔ ایسی خدمات کے عوض ایجنٹ کو ایک ہزار درہم ماہانہ ملتے رہتے ہیں اور ان کے لائے گئے بچوں کو اونٹ کی ریس میں اچھی کارکردگی پر اسے سونا، تمغا، تلوار، خنجر اور زیادہ مہربان ہوتے ہوئے جدید گاڑی انعام میں دی جاتی ہے۔ گزشتہ کچھ سالوں کی بھاگ دوڑ، حکومتی اقدامات، انسانیت کے لیے درد رکھنے والے افراد، اداروں اور این جی اوز کے تعاون سے کافی بچے عرب ممالک سے واپس لائے گئے ہیں اور کافی ایجنٹس کو مختلف ہوٹلز اور ایئرپورٹ اور بحری جہازوں سے ثبوت کے ساتھ پکڑا گیا ہے۔ یہ پوری صورتحال ہمارے ملک میں مروج طبقاتی نظام کی ہے جس میں امیر و شاہوکار طبقہ غریب طبقے کا استحصال کرتا ہے اور اس وجہ سے سماج دو طبقوں میں بٹ گیا ہے اور ایسی معاشرتی چال چلی جا رہی ہے کہ ملک سے درمیانہ طبقہ ابھر نا سکے بلکہ اس کے لیے راستے روکے جا رہے ہیں۔

بچوں کی سماجی تربیت میں پانچ عناصر کا عمل دخل ہوتا ہے۔ ایک خاندان، کنبہ، دوسرا محلہ، تیسرا اسکول، چوتھا حلقہ احباب، پانچواں میڈیا یا ذرائع ابلاغ کے ادارے۔ یہ پانچ عناصر مل کر بچے کی نشو نما کرتے ہیں، مگر افسوس کے بچے کے بگڑنے اور غلط راہ اختیار کرنے اور بری صحت کا شکار ہونے میں ان پانچوں عناصر کا بڑا عمل دخل ہے۔ گھر سے فرار اختیار کرنے والے بچوں کی کیس ہسٹری جاننے کے بعد معلوم ہوا کہ وہ گھر والوں اور اسکول کے اساتذہ کے غیر مناسب رویئے اور مار پیٹ کے باعث گھر چھوڑنے پر مجبور ہوئے۔ تحقیق کے مطابق ساٹھ فیصد بچوں نے گھر چھوڑنے کا فیصلہ اپنے دوستوں کی صلاح و مشاورت سے کیا، گھر چھوڑنے میں ان کی رضا شامل تھی۔ چودہ فیصد بچے گھر کے ماحول والدین اور بھائیوں کو دیکھتے ہوئے نشے کو اپناتے ہیں اور پینتیس فیصد بچوں کو جبری طور پر نشے کا عادی بنایا جاتا ہے۔ چالیس فیصد بچے دوستوں کی صحبت اور گلی محلے کے دوستوں کے ذریعے نشہ استعمال کرتے ہیں۔ دس فیصد بچوں کے ہاتھ پاؤں توڑ کر انہیں فقیر بنا کر بھیک منگوائی جاتی ہے۔ معاشرے کی ایسی ستم ظریفی پر ارباب اختیار خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں اور وہ خود اس فرسودہ نظام کا حصہ بنے ہوئے ہیں اور یہ سلسلہ جیسے کہ تیسا چلتا چلا آ رہا ہے اور چلتا رہے گا جب تک اس کے خلاف کوئی مؤثر حکمت عملی یا اقدامات نہ کئے جائیں اور وہ دن دور نہیں جب ان مظلوموں کی داد رسی ہو گی اور ہر نئے طلوع ہونے والے سورج کی طرح وہ غلامی کے دلدل سے آزاد ہوں گے اور ایک صبح کی نوید دیتے ہوئے اپنی آزاد و خوشحال زندگی گزاریں گے۔ ■




وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور وفاقی وزیرِ ریلوے خواجہ سعد رفیق، وزیراعلیٰ ہاؤس میں کراچی سرکلر ریلوے کے حوالے سے تبادلہ خیال کررہے ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن، ایڈمنسٹریٹر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب اور چیف سیکریٹری سندھ ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت بھی موجود ہیں۔




وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی سید امین الحق، معاونِ خاص تنزیلا اُمِ حبیبہ، چیف سیکریٹری ڈاکٹر محمد سہیل راجپوت اور دیگر کا انفارمیشن سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی جانب سے منعقد سیمینار میں شرکت کے موقع پر لیا گیا گروپ فوٹو۔

ہفت وار
سندھ منظر

## گورکھ ہل اسٹیشن سندھ کا کوہ مری



گورکھ سندھ کا واحد ہل اسٹیشن ہے جہاں دادو شہر سے صرف چار گھنٹے کی مسافت طے کر کے اس بلند اور ٹھنڈے مقام تک پہنچا جاسکتا ہے۔ دادو سے اس بلند چوٹی تک کا فاصلہ تقریباً 93 کلومیٹر ہے۔ یہاں ابر آلود ہواؤں کا راج رہتا ہے۔ نایاب جنگلی جانوروں کے مسکن اور حسین و سرسبز چراگاہیں پھیلی ہوئی ہیں۔ گورکھ ہل اسٹیشن پر سیاحوں اور سرکاری مہمانوں کے لئے صوبائی محکمہ سیاحت کے ریسٹ ہاؤس کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں۔ پہاڑ کی چوٹی پر بیٹھنے کے لئے شیڈز بنے ہوئے ہیں جن کے نیچے بیٹھ کر دور تک کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔ سندھ کا یہ سیاحتی مقام سیاحوں کو گرمی سے نکل کر ان ٹھنڈے سایوں میں اپنے حسین پل بتانے کے لئے بانہیں کھولے منتظر ہے۔

محکمہ اطلاعات، حکومت سندھ